LearningWell

# روشن اسلام

# ۸

## رہنمائے اُستاد

For Order : 0320-5899031
info@learningwell.pk www.learningwell.pk

# روشن اسلام ۸

## سبق ا: اللہ

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

ا۔ وہ اللہ کے معنی کو بہتر طور پر جان سکیں گے۔

۲۔ دین اسلام، میں اللہ کے تصور کو سمجھ سکیں گے۔

۳۔ طلباء اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں کے مفہوم ،فوائد اور اس کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔اور ان کو استعمال کر کے اپنی زندگی کو بہتر بنا سکیں گے۔انشاء اللہ۔

**طریقہ کار**

تمہیدی سوالات: ۱۰ منٹ

بچو! ہم سب کو کس نے پیدا کیا؟ ۲۔ یہ دنیا کس نے بنائی ہے؟ ۳۔ اس دنیا کے نظام کو کون چلا رہا ہے؟

اعلان سبق: ۵ منٹ

بچو؛ آج ہمارے آج کے سبق کا نام ہے ''اللہ'' جس میں ہم اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں بارے میں پڑھیں گے۔

**پیشکش: ۲۵ منٹ**

ا۔ معلم کتاب میں دیئے گئے سبق کی پڑھائی کریں۔ ۲۔ معلم طلباء کو اسلام میں اللہ کے تصور سے آگاہ کریں اور اللہ کے صفاتی ناموں کی اہمیت اور فوائد کے بارے میں بتائیں گے۔۳۔سبق میں دیئے گئے ہر پیراگراف کی پڑھائی کے بعد اس کی وضاحت کریں گے۔

پڑھائی/اعادہ: ۵ منٹ

معلم چند طلباء سے سبق پڑھوائیں اور سبق کا خلاصہ طلبا کی زبانی سنیں۔

لکھائی: ۷ منٹ

معلم طلباء کو پڑھائے جانے والے سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ ،سوال و جواب تحریر کروائیں۔

سرگرمی: ۱۵ منٹ

سول نمبر ۳ کی ورک شیٹ حل کروائیں۔

LED پر اسماء الحسنیٰ دکھائیں اور سنوائیں۔

تفویض کار: ۵ منٹ

طلباء سوال نمبر ۲ گھر سے کر کے لائیں اور طلبا سے ایک چارٹ بنوائیں جس پر اللہ تعالیٰ کے چند اور صفاتی نام اور ان کے معنی درج ہوں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

ا۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھے

۲۔ معلم سبق کو خلاصہ کو بہت سادہ الفاظ میں مختصراً سمجھائے

۳۔معلم کو چاہیے کہ مشکل الفاظ کے معنیٰ اور لفظوں کی ادائیگی درست الفاظ میں کرے اور طلباء سے کروائے۔

۴۔معلم کو چاہیے کہ تمام سوال اور جواب مختصراً اور مکمل انداز میں کروائے۔(مفہوم واضح ہو)

**تدریسی معاونت**

ا۔ وائٹ بورڈ، ڈسٹر، مارکر

LearningWell (Pvt.) Ltd
www.learningwell.pk



LearningWell

۲۔ چارٹ شیٹ جن پر اللہ کے نام لکھے ہوئے ہوں یا

۳۔ L.E.D پر خانۂ کعبہ کی تصویر دکھائی جائے اور اللہ کے نام بھی لکھے ہوئے دکھا اور سنائے بھی جا سکتے ہیں۔

۴۔ اللہ کی بنائی ہوئی کائنات کی مختلف چیزوں کی تصاویر دکھائیں۔

## تجزیہ/ جانچ

معلم طلباء کو درج ذیل وقتوں میں جانچ سکتے ہیں:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران کہ بچے کی سابقہ معلومات کتنی ہے۔

۲۔ اعادہ کے دوران بچے کی لفظوں کی درست ادائیگی اور اس کے یا اس کے سبق کے خلاصہ یا مفہوم سے مکمل طور پر آگاہی ہے۔

۳۔ لکھائی کے دوران معلم بہتر طور پر جانچ سکتے ہیں کہ طلباء اپنا کام بہتر طور پر کر رہے ہیں یا نہیں۔

## سبق ۲: آیاتِ قرآنی

## ( سورہ العدیت، سورۃ الضحیٰ )

### مقصد

پڑھائے جانے والی سورتوں کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ سورہ العدیت اور سورۃ الضحیٰ کو درست مخارج کے ساتھ پڑھ سکیں اور تلفظ کی صحیح ادائیگی کر سکیں۔ اور بہتر تجوید کے ساتھ قرآن کی تلاوت کر سکیں۔

۲۔ طلباء اس قابل ہو جاۓ گے کہ وہ سورتوں کے مشکل الفاظ اور معینی سے اور اس سورتوں کے زمانہ نزول سے بھی پوری طرح واقفیت حاصل کر لیں گے۔

۳۔ طلبہ ان سورتوں کو یاد کر کے دوسروں کو بہتر طور پر سنا سکیں گے۔

### تمہیدی سوالات: ۱۰ منٹ

۱۔ بچو ہمارے پیارے نبی ﷺ کا کیا نام ہے؟

۲۔ ہمارے نبی ﷺ پر اللہ تعالیٰ نے کون سی کتاب نازل کی؟

۳۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کس مہینے میں نازل کیا؟

۴۔ قرآن میں کتنی قسم کی سورتیں ہیں؟

### اعلان سبق: ۱۰ منٹ

بچو؛ آج ہم سورہ العدیت اور سورۃ الضحیٰ کو مخارج کے ساتھ قرآت کریں گے اور اس کے معینی و مفہوم کو سمجھیں گے۔

### پیشکش: ۲۵ منٹ

۱۔ معلم سورتوں کو باری باری درست تجوید اور درست مخارج کے ساتھ تلاوت کرے گا۔ ۲۔ معلم طلباء سے سورتوں کو پڑھوا کر سنے۔ ۳۔ معلم قرآت کے مکمل ہونے کے بعد طلباء کو مکی اور مدنی سورتوں کے بارے میں بتائے۔ ۴۔ اس کے بعد سورتوں کا ترجمہ اور تفسیر بتائے۔ ۵۔ معلم سورتوں میں بیان کردہ موضوع مضمون کو تفصیل کے ساتھ طلبہ کو بیان کریں گے۔

### پڑھائی/ اعادہ: ۲۵ منٹ

معلم طلباء کو اچھی طرح سے سورتوں کی باری باری تلاوت کروائیں گے اور تلاوت کرواتے ہوئے مخارج اور تجوید کی درستگی کا خاص خیال رکھیں گے۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk



LearningWell

**سرگرمی:** ۵ منٹ

ا۔معلم طلباء کو CD پلیئر یا L.E.D کی مدد سے سوسورہ العدیت اور سورۃ الضحیٰ کی تلاوت سنوائیں گے۔

۲۔ طلباء میں گروپ کی صورت میں قرائت کا مقابلہ کروائیں۔

**لکھائی:** ۵ منٹ

معلم طلباء کو دونوں سورتوں کے مشکل الفاظ کے معنیٰ ،ترجمہ،تشریح اور سوال و جوابات لکھوائیں۔

**تفویض کار:** ۵ منٹ

تمام طلباء کو دونوں سورتوں کو صحیح مخارج کے ساتھ اچھی طرح سے یاد کرنے کے لیے کہا جائے گا۔(والدین کی نگرانی میں)

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

ا۔معلم پڑھائے جانے والی سورتوں کو پہلے خود درست مخارج اور تجوید کے ساتھ بچوں کے سامنے تلاوت کرے۔

۲۔معلم کو چاہیے کہ وہ تلاوت قرآن پاک کرواتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب کی عزت وحرمت اور آداب کا خیال رکھے۔

۳۔ قرآن مجید سے طلباء کو رغبت دلانے کے لیے قرآن کے فضائل اور ثواب کے بارے میں طلباء کو بتاتے رہنا چاہیے تاکہ طلباء میں قرآن کو سیکھنے کا زوق وشوق بڑھے۔

۴۔ معلم طلباء کو سورتوں کا موضوع اور مضمون کو وضاحت سے سمجھائیں اور تمام مشکل اور تشریح طلب الفاظوں کی بہتر طور پر وضاحت کریں۔

**تدریسی معاونت**

ا۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ معزز قاری کی آواز میں ریکارڈ کیسٹ جس میں دونوں سورتیں ہوں۔ یا

LED جس پر بچے آیتوں کو دیکھ کر اور سن کر بہتر طور پر زیر، زبر اور پیش سے واقف ہوسکیں۔

۴۔بڑے حروف اور ترجمہ والا قرآن مجید

**تجزیہ/ جانچ**

معلم کو چاہیے کہ وہ جماعت میں طلبہ کو ان اوقات میں جانچیں۔

ا۔ تمہیدی سوالات کے دوران کہ بچے کی سابقہ معلومات کتنی ہے۔

۲۔پیشکش کے دوران طلباء پڑھاتے ہوئے سبق کو کتنی توجہ اور دلچسپی سے سمجھ رہا ہے)

۳۔اعادہ کے دوران (بیان کر شان نزول، ترجمہ اور تفسیر پڑھتے ہوئے کتنی دلچسپی لی)

۴۔سرگرمی کے دوران (سنائی جانے والی قرآت پر طلباء نے کتنی توجہ کے ساتھ قرآت کو سنا اور دہرایا)

## سبق نمبر۳ حیات طیبہ

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہوجانے کے بعد بچے اس قابل ہوجائیں گے کہ:

ا۔طلبہ آنحضورﷺ کی مدنی زندگی کے بارے میں آگاہی حاصل کرسکیں گے۔

۲۔ طلبہ ہجرت مدینہ اور ہجرت کے بعد کے تمام واقعات اور آنحضورﷺ کے کیے گئے تمام اقدامات سے واقفیت حاصل کرکے دوسروں کو بتا سکنے کے قابل ہوجائیں گے۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

# روشن اسلام ۸

**تمہیدی سوالات:** ۱۰منٹ

۱۔ بچوآپ جانتے ہیں کہ اللہ کے پہلے نبی ﷺ کون تھے؟ ۲۔اور ہمارے آخری نبی ﷺ کا کیا نام ہے؟

۳۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ جس شہر میں پیدا ہوئے اس کا کیا نام تھا؟ ۴۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ عبادت کرنے کون سے پہاڑ پر جایا کرتے تھے؟

۵۔آپؐ پر وحی کس عمر میں نازل ہوئی؟

**اعلان سبق:** ۵منٹ

بچو؛ آج ہم پیارے نبی ﷺ کی مدنی زندگی کے بارے میں تفصیل سے پڑھیں گے۔

**پیشکش:** ۲۵منٹ

۱۔ معلم طلبہ کو با آواز بلند سبق پڑھ کر سنائیں گے۔۲۔معلم ہر پیراگراف کو پڑھنے کے بعد اسکی وضاحت کریں گے۔جس سے طلبہ بآسانی سبق کو سمجھ سکے۔ ۳۔ معلم طلباء کو سبق میں موجود ہجرت مدینہ، مدینہ میں کیے گئے خاص خاص کام اور پیش آنے والے غزوات اور فتح مکہ اور اسکے بعد خطبہ حجتہ الوداع کے اہم نکات اور آنحضور ﷺ کے وصال کے بارے میں تفصیل سے سمجھائیں گے۔

**پڑھائی/اعادہ:** ۱۵منٹ

معلم طلبہ سے ایک ایک پیراگراف کو پڑھ کر اسکی وضاحت کروائیں گے۔

**سرگرمی:** ۵منٹ

۱۔سوال نمبر۳ کو کلاس میں ورک شیٹ کے طور پر حل کروایا جائے گا۔

**لکھائی:** ۱۵منٹ

معلم سبق کے مشکل الفاظ کے معنیٰ اور سوال نمبر۱ کے جوابات تحریر کروائیں گے۔

**تفویض کار:** ۵منٹ

سوال نمبر۲ گھر سے حل کر کے لائیں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

سبق کو پیشکش سے پہلے معلم کو چاہیئے کہ وہ

۱۔ پہلے خود سے سبق کو اچھی طرح سے پڑھ کر اس کے مشکل الفاظ اور معنیٰ کو اپنے پاس لکھ لیں۔

۲۔ سبق سے متعلقہ تصاویر کو LED پر دکھانے کے لئے USB میں محفوظ کر کے رکھے۔

۳۔ معلم کے بیان کردہ واقعات اور حالات حیات طیبہ کے دوران معلم کا انداز بیان نہایت شائستہ اور مؤدبانہ ہونا چاہئے اور تعظیم ﷺ کے شایان شان ہونا چاہئے تاکہ ہمارے بچے بھی شان مصطفیؐ کو سمجھ سکیں اور تعظیم کر سکیں۔

**تدریسی معاونت:**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ معزز قاری کی آواز میں ریکارڈ کیسٹ جس میں دونوں سورتیں ہوں۔ یا

LED یا CD Player

**تجزیہ/جانچ:**

معلم کو طلباء کو درج ذیل اوقات میں جانچنا چاہیے۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk



LearningWell

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران کہ بچے کی سابقہ معلومات کتنی ہے۔
۲۔پیشکش کے دوران (طلبہ نے دوران سبق کتنی دلچسپی اور دلجمی کا مظاہرہ کیا)
۳۔ اعادہ کے دوران (طلبہ نے سبق کو کتنا سمجھا اور اسے اپنے انداز میں بتانے کے قابل ہوا)
۴۔سرگرمی کے دوران طلبہ نے سرگرمی میں کتنی دلچسپی لی۔

## سبق۴: مشاہیر اسلام

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہوجانے کے بعد بچے اس قابل ہوجائیں گے کہ:
۱۔ طلباء مشاہیر اسلام کے عنوان کے تحت دی گئی شخصیت کے حالات زندگی کے بارے میں آگاہی حاصل کرلیں گے۔
۲۔سبق میں مذکورہ شخصیات کی دینی خدمات اور اشاعت اسلام کے لئے دی گئی قربانیوں کے بارے میں بھی واقفیت حاصل کرسکیں گے۔
۳۔طلباء ان شخصیات کی زندگیوں کے کارناموں سے سبق حاصل کرکے اپنی زندگی میں بھی ان کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کریں گے۔

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** ۱۰منٹ

۱۔بچو! اللہ کے نیک اور برگزیدہ بندے کون ہوتے ہیں؟ ۲۔ہمارے پیارے نبیﷺ کے دور کے لوگوں کو کیا کہتے ہیں؟
۳۔حضرت سلمان فارسی کیسے صحابی تھے؟ ۴۔حضرت ابوہریرہؓ کون تھے؟
۵۔حضرت شاہ ولی اللہ محدث نے کون کون سے کارنامے انجام دیئے؟

**اعلانِ سبق** ۵منٹ

بچو! آج ہم مشاہیر اسلام میں حضرت سلمان فارسیؓ، حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت شاہ ولی اللہ محدثؒ کے حالات زندگی اور کارناموں کے بارے میں تفصیل آگاہی حاصل کریں۔

**پیشکش** ۲۵منٹ

مذکورہ تینوں عنوانات کے بارے میں:۔
۱۔معلم طلبہ کو سبق باآواز بلند پڑھ کر سنائیں گے۔
۲۔معلم طلبہ کو ہر شخصیت کے بارے میں تفصیل بتائیں گے اور سمجھائیں گے۔
۳۔معلم طلبہ کو شخصیتوں کے کارنامے بھی آسان اور سادہ زبان میں سمجھائیں گے۔

**پڑھائی اعادہ** ۱۵منٹ

معلم چند طلباء سے سبق کی پڑھائی باآواز بلند کروائیں گے۔اور ہر شخصیت کے بارے میں طلبہ کی اپنی زبان میں تشریح بھی سنیں گے۔

**سرگرمی** ۷منٹ

طلباء کو تین گروپ میں تقسیم کرکے ہر گروپ کو کسی ایک شخصیت پر مضمون لکھنے کو کہا جائے اور خالی جگہ کی ورک شیٹ کلاس میں حل کرائیں۔

**لکھائی** ۵منٹ

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ تحریر کروائیں گے۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

# روشن اسلام ۸

**تفویض کار** **۵منٹ**

طلبہ کو گھر کے بڑوں کی مدد سے ہر شخصیت کے بارے میں چارٹ پر اہم نکات لکھ کرلانے کو کہا جائے۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

پیشکش کردہ سبق سے پہلے معلم کو چاہئے کہ وہ

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم اس کے الفاظ کے معینی اور مفہوم کو سمجھیں۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ LED یا چارٹ کی مدد سے ان شخصیات کے حالات زندگی اور ان کی خدمات کے بارے میں اہم نکات کو تحریر کریں۔

**تجزیہ/ جانچ:**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتے ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ پیشکش کے دوران

۳۔اعادہ کے دوران

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

## سبق ۵: مشاہیر اسلام

مقصد:

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہوجانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔اسلام میں عورتوں کا کردار اور انکے حالات زندگی سے واقفیت حاصل کرسکیں گے۔

۲۔ سبق میں بیان کردہ خواتین کی دین اسلام کے لئے دی گئی قربانیوں اور خدمات کے بارے میں آگاہی حاصل کرسکیں گے۔

۳۔آج کے دور کی طلبہ ان کے نقش قدم پر چل کر اپنی کو سنوارنے کی کوشش کرسکیں۔

**طریقۂ کار:**

**تمہیدی سوالات** **۱۰منٹ**

۱۔بچو! اللہ تعالی نے نبی کیوں بھیجے؟ ۲۔ آخری نبی کو تھے؟ ۳۔آنحضرت ﷺ کی کتنی اولادیں تھیں؟

۴۔خاتون جنت کن کا لقب ہے؟ ۵۔اسلام کی پہلی شہید خاتون کا کیا نام ہے؟

**اعلانِ سبق:** **۵منٹ**

بچو! آج ہم حضرت فاطمہؓ اور اسلام کی پہلی شہید خاتون حضرت سمیہؓ بنت خباط کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

**پیشکش:** **۲۵منٹ**

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے۔



LearningWell

۲۔ معلم طلباء کو سبق کے ہر پیراگراف کا خلاصہ کر کے بتائیں گے۔

۳۔معلم طلبہ کو دونوں خواتین کے حالات زندگی اور انکی دینی خدمات بارے میں الگ الگ اور آسان فہم زبان میں سمجھائیں گے۔

**پڑھائی::** ۱۵منٹ

ا۔معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگرافف وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔۲۔اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔۳۔دونوں شخصیات کے تمام بیان کردہ پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کو کہیں گے۔

**لکھائی:** ۱۰منٹ

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ ،سوال وجواب تحریر کروائیں۔

**سرگرمی:** ۱۰منٹ

معلم طلباء کو گرہوں میں تقسیم کریں سوال جواب کا مقابلہ کروائیں گے۔

**تفویض کار:** ۵منٹ

معلم طلباء کو سوال نمبر۲ گھر پر کرنے کے لیے دیں گے۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

ا۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں اور مشکل الفاظ کے معینی اپنے پاس لکھ کر رکھیں۔

۲۔معلم کو چاہیے کہ وہ سبق سے متعلق دوسری کتابوں سے بھی مستفید ہوں تا کہ معلم کی علمیت میں اضافہ ہو اور وہ طلبہکو بہتر انداز میں سمجھا سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت:**

ا۔ وائٹ بورڈ،مارکر،ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ LED یا چارٹ کی مددسےحضرت عائشہؓ کے حالات زندگی اور ان کی خدمات کے بارے میں اہم نکات کو تحریر کریں۔

تجزیہ/ جانچ:

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

ا۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران

۳۔لکھائی کے دوران س

۴۔سرگرمی میں عنوان کے بارے میں دی گئی تفصیلات کو دیکھتے ہوئے۔

## سبق ۶: اخلاق حمیدہ

## قناعت اور توکل

## میانہ روی

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

# روشن اسلام ۸

مقصد:

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ قناعت اور توکل، میانہ روی کے مفہوم سمجھ سکیں گے اور دوسروں کو بھی سمجھا سکیں گے۔

۲۔ قرآن اور حدیث کی روشنی میں قناعت و توکل اور میانہ روی کے بارے میں احکامات کو پوری طرح جان سکیں گے۔

۳۔ طلباء انفرادی اور اجتماعی طور قناعت و توکل اور میانہ روی کے ذریعے اپنی زندگی کو بہتر اور کامیاب بنا سکیں گے۔

طریقۂ کار:

**تمہیدی سوالات** **۱۰ منٹ**

بچو! کیا آپ جانتے ہیں قناعت کیا ہے؟

میانہ روی کس کو کہتے ہیں؟

توکل کیا ہے؟

**اعلانِ سبق:** **۵ منٹ**

بچو! آج ہم جن اخلاق حمیدہ کے بارے میں پڑھیں گے وہ ہیں قناعت و توکل اور میانہ روی۔ آج ہم ان کے معنیٰ اور مفہوم کو سمجھیں گے اور قرآن اور احادیث کی روشنی میں ان کے فوائد اور احکامات کے بارے میں جانیں گے۔

**پیشکش:** **۲۵ منٹ**

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے اور قناعت، توکل اور میانہ روی کے معنیٰ اور مفہوم کی تشریح کریں گے۔

۲۔ معلم طلباء کو قرآن و حدیث کی روشنی مذکوری بالا اخلاق حمیدہ کی اہمیت بتائیں گے اور اور آسان الفاظ میں ہر پیراگراف کی تشریح کریں گے۔

۳۔ اپنی روزمرہ کی زندگی میں ان کو کس طرح نافذ کیا جائے اسکی مثالوں کے ذریعے وضاحت کی جائے تاکہ بچے اس کو اچھی فرح ذہن نشین کر سکیں۔

۴۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** **۱۵ منٹ**

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔ اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔

**لکھائی:** **۱۰ منٹ**

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ، سوال و جواب تحریر کروائیں۔

**سرگرمی:** **۱۰ منٹ**

کلاس میں اخلاق حمیدہ سے متعلق چارٹ تیار کروائیں جائیں۔

**تفویض کار:** **۵ منٹ**

معلم سوال نمبر ۲ گھر سے کر کے لانے کے لیے دیں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

۱۔ معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔ معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تاکہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk



LearningWell

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہوتا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت:**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/جانچ:**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

## سبق ۷: اخلاق رزیلہ

### حرص و طمع بخل و کنجوسی نشہ اور شراب نوشی

مقصد:

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ طلباء اخلاق رزیلہ کے معنیٰ و مفہوم جان سکیں گے۔

۲۔ طلباء حرص، بخل، نشہ اور شراب نوشی جیسی بری عادتوں کے بارے میں جان سکیں گے۔

۳۔ اس کے نقصانات کو سمجھنے کے قابل ہوں گے۔

۴۔طلباء اپنی زندگی میں ان بری عادات سے بچنے کی کوشش کریں گے۔ اور اچھے انسان ثابت ہوں گے۔ انشاء اللہ

**طریقۂ کار:**

**تمہیدی سوالات ۱۰ منٹ**

بچو! اخلاق رزیلہ سے کیا مراد ہے؟

جن کے اخلاق اچھے نہیں ہیں اللہ تعالیٰ ان کو کیسی سزا دیں گے؟

کیا آپ کو معلوم ہے کہ حرص و طمع کیا ہے؟

بخل اور کنجوسی کیا ہے؟

نشہ اور شراب نوشی کرنے والے لوگ کیسے ہوتے ہیں؟

**اعلانِ سبق: ۵ منٹ**

بچو! آج ہم اخلاق رزیلہ میں حرص و طمع، بخل اور کنجوسی اور نشہ کے بارے میں سنیں گے۔ ان کے معنیٰ اور مطلب کو سمجھیں گے اور قرآن اور حدیث میں کی روشنی میں جانیں گے کہ ان

سے کیا کیا نقصانات ہوتے ہیں۔

**پیشکش:** ۲۵منٹ

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں اور معنیٰ و مفہوم نہ صرف کتاب کی مدد سے بلکہ روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مثالوں کے ذریعے بھی واضح کریں۔

۲۔ ان بری عادات کے بارے میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کے بیان کردہ احکامات کی بھی وضاحت کریں۔

۴۔اسی طرح ان بری عادات کے نقصانات کی بھی تفصیل سے وضاحت کریں تا کہ بچہ اس بات کو ذہن نشین کر سکے کہ ان کو ان بری عادتوں سے بچ کر رہنا ہے۔

۵۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** ۱۵منٹ

معلم طلباء سے سبق کے تمام عنوانات کو باری باری پڑھوا کر سنیں گے اور پیراگراف تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے اور دوبارہ سمجھائے۔

**لکھائی:** ۱۵منٹ

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ ،سوالات کے جوابات لکھوائیں۔

**سرگرمی:** ۱۰منٹ

معلم طلباء سے ان کی زندگی کا کوئی واقعہ سنے جس میں انہوں نے کسی شخص کو اپنی کسی برائی کی وجہ سے نقصان اٹھاتے ہوئے دیکھا ہو۔

**تفویض کار:** ۵منٹ

سوال نمبر۲ بچوں کو گھر سے کر کے لانے کے لیے دیں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت:**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/جانچ:**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk



LearningWell

## سبق ۸: تدوین قرآن

**مقصد:**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ تدوین قرآن کے معنیٰ اور نزول قرآن کے بارے میں جان سکیں گے۔

۲۔ اس سبق کو پڑھ کے بعد تدوین قرآن کے مراحل اور طریقہ کار سے بھی آگاہی حاصل کر سکیں گے۔

۳۔ یہ جان سکیں گے کہ تدوین قرآن کن کن خلیفہ کے عہد میں مکمل ہوئی اور اس کی خصوصیات کیا کیا ہیں۔

**طریقۂ کار:**

**تمہیدی سوالات** ۸ منٹ

بچوں! الہامی کتابیں کتنی ہیں؟

اللہ کی آخری کتاب کا کیا نام ہے؟

قرآم مجید کس پر نازل ہوا؟

نزول کے وقت قرآن کس شکل میں اترتا تھا؟

قرآن کس طریقے سے کتابی شکل میں آیا؟

**اعلانِ سبق:** ۵ منٹ

بچو! آج ہم اللہ کی آخری کتاب قرآن مجید، جو کہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا اس کی تدوین کے بارے میں مزید پڑھیں گے۔

**پیشکش:** ۲۵ منٹ

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے اور تدوین کے معنیٰ و مفہوم آسان الفاظ میں بہت اچھی طریقے سے سمجھائیں تا کہ وہ اس کو ذہن نشین کر سکیں۔

۲۔ معلم طلباء کو سبق میں دیے گئے ہر پیرگراف اور نکات کی آسان الفاظ میں وضاحت کریں تا کہ اس کے معنیٰ و مفہوم بچوں کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں اور وہ اس کو تفصیل کو دلچسپی سے پڑھ سکیں۔

۵۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**پڑھائی/اعادہ:** ۱۵ منٹ

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔ اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔

**لکھائی:** ۱۵ منٹ

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ، سوال و جواب لکھوائیں۔

**سرگرمی:** ۱۰ منٹ

معلم جماعت میں طلباء کو قرآن پاک کے مختلف نمونے دکھائیں اور بتائیں کہ آج کل قرآن پاک کی چھپائی کس طرح کی جاتی ہے۔ اس کے بارے میں جاننے کے نیٹ سے مدد لیں۔

**تفویض کار:** ۵ منٹ

طلباء کو سوال نمبر ۲ گھر سے کر کے لانے کے لیے دیں۔

LearningWell (Pvt.) Ltd
www.learningwell.pk



LearningWell

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔قرآن مجید کی تدوین کو ایک کتاب کی تدوین کی طرح نہ بتایا جائے بلکہ معلم بچوں کو قرآن کی عزت اور حرمت کا بھی احساس دلائے اور اس کے ادب کو ملحوظ خاطر رکھے۔

**تدریسی معاونت:**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/جانچ:**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۴۔سرگرمی کے دوران (اس بات کا اندازہ کر کہ طلباء سرگرمی میں پوری طرح حصہ لے رہے ہیں یا نہیں۔)

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

## سبق ۹: تدوین حدیث

**مقصد:**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔وہ بتا سکیں گے کہ حدیث کسے کہتے ہیں؟

۲۔احادیث کی کیا اہمیت ہے؟

۳۔ طلباء تدوین حدیث کے مختلف ادوار اور اس کی تدوین اور ترتیب کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں گے۔

۴۔ مستند احادیث کی کتابوں احادیث کی اقسام کے بارے میں جان سکیں گے۔ (انشاء اللہ)

**طریقۂ کار:**

**تمہیدی سوالات** ۸ منٹ

۱۔ بچو! کیا کوئی بتا سکتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے کئے گئے عمل اور کہی ہوئی باتوں کو کیا کہا جاتا ہے اور ان کو ہم کس طرح جان سکتے ہیں؟

۲۔ قرآن کے بعد ہم اپنے روزمرہ کے مسائل کے حل کے لیے کن کتابوں سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں؟

۳۔ احادیث کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟



LearningWell

# روشن اسلام ۸

**اعلانِ سبق:** ۵منٹ

بچو! آج ہم تدوین حدیث سے کیا مراد ہے اور یہ کس طرح اور کب سے کب تک ہوئی اس کے بارے میں پڑھیں گے۔

**پیشکش:** ۲۵منٹ

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے اور حدیث کی اصطلاحی تعریف اور مفہوم کے بارے میں آگاہی دیں گے۔

۲۔ معلم طلباء کو سبق میں دیے گئے ہر پیرگراف اور نکات کی آسان الفاظ میں وضاحت کریں تا کہ اس کے معنیٰ و مفہوم بچوں کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں اور وہ اس کو تفصیل کو دلچسپی سے پڑھ سکیں۔

۳۔ معلم طلباء کو پیارے نبیؐ کی زندگی کے عملی نمونہ کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔

۴۔ معلم حدیث کی اقسام، اہمیت، ضرورت، تدوین کے طریقوں اور شرعی حیثیت کے بارے میں بتائیں گے۔

۵۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** ۲۵منٹ

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔ اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔

**لکھائی:** ۱۵منٹ

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ، سوال و جواب لکھوائیں۔

**سرگرمی:** ۱۰منٹ

معلم طلباء کو احادیث کی کچھ کتابیں دیں اور بعد میں ان کے بارے میں سوالات کریں۔

**تفویض کار:** ۵منٹ

طلباء کو سوال نمبر۲ گھر سے کر کے لانے کو کہیں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت:**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/ جانچ:**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کیئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۴۔سرگرمی کے دوران (اس بات کا اندازہ کر کہ طلباء سرگرمی میں پوری طرح حصہ لے رہے ہیں یا نہیں۔)

## سبق ۱۰: احادیث مبارکہ

**مقصد:**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔حدیثوں کو یاد کر سکیں۔

۲۔احادیث جی وضاحت کو سمجھ سکیں گے۔

۳۔ طلباء احادیث کو سمجھنے اور یاد کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی عملی زندگی میں ان اُحادیث سے رہنمائی حاصل کر سکیں گے۔

(انشاءاللہ)

**طریقۂ کار:**

**تمہیدی سوالات** ۱۰ منٹ

۱۔ بچو! قرآن مجید کے علاوہ ہم کس کی کہی ہوئی باتوں کی روشنی میں اپنی مشکلات کا حل تلاش کرتے ہیں؟

۲۔ احادیث مبارکہ ہمیں کن کن باتوں کے بارے میں نفع ونقصان سمجھاتی ہیں۔

**اعلانِ سبق:** ۵ منٹ

بچو! آج اور نئی احادیث مبار پڑھیں گے اور ان کی وضاحتیں جانتے ہوئے ان میں بتائی گئی وعیدیں اور خوشخبریوں کے بارے میں جانیں گے۔

**پیشکش:** ۲۵ منٹ

۱۔ معلم طلباء کو احادیث پڑھ کے سنائیں گے اور پھر ان کا ترجمہ سمجھائیں گے۔

۲۔ طلباء کو احادیث مبارکہ کی کتابوں کے نام بھی بتائیں گے۔

۳۔ معلم کتاب میں دی گئی ہر حدیث کی وضاحت کو پڑھیں گے اور اپنے الفاظ میں اس کو سمجھائیں گے اور جہاں ممکن ہو روزمرہ کی زندگی کی مثالوں سے واضح کرنے کی کوشش کریں گے۔

**اعادہ:** ۲۵ منٹ

معلم طلباء سے فرداً فرداً احادیث پڑھوا کر سنیں گے۔ جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا۔معلم احادیث کت ترجے اور تشریحات بھی سنے گا۔اگر طلباء کو ان کو سمجھنے میں کوئی مشکل آ رہی ہو تو وہ ان کو دوبارہ سمجھائیں گے۔

**لکھائی:** ۱۵ منٹ

معلم احادیث مبارکہ کے مشکل الفاظ کے معنیٰ اور سوالات کے جوابات تحریر کروائیں گے

**سرگرمی:** ۱۰ منٹ

طلباء کو گروہوں میں تقسیم کر کے احادیث کو زبانی یاد کرنے کا مقابلہ کروایا جائے۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

**تفویض کار:** ۵منٹ

طلباء کو سوال نمبر ۲ گھر سے کر کے لانے کو کہا جائے۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم احادیث مبارکہ کو دوسری کتابوں سے بھی مستفید تا کہ عنوان پر مکمل گرفت ہو اور بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

۴۔احادیث مبارکہ کی اہمیت بچوں میں اجاگر کرنے کے لیے مؤثر اندازِ بیان اختیار کریں۔

۵۔معلم کو احادیث از بر ہونی چاہیے اور ان کی مستند کتابوں سے معلومات بھی آسان اور سادہ زبان میں یاد ہونی چاہیے۔

**تدریسی معاونت:**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/جانچ:**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آرہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۴۔سرگرمی کے دوران (اس بات کا اندازہ کر کہ طلباء سرگرمی میں پوری طرح حصہ لے رہے ہیں یا نہیں۔)

## سبق ۱۱: عہد نبوی ﷺ کا نظامِ حکومت

**مقصد:**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ہجرت مدینہ کے بعد آنحضرت ﷺ کی اسلامی ریاست کی بنیاد ڈالنے کے بارے میں آگاہی حاصل کر لیں گے۔

۲۔طلباء جان سکیں گے کہ حضور اکرم ﷺ نے حکومت چلانے کے لیے انتظامیہ، عدلیہ اور عسکری تنظیم، اقلیتوں کے تحفظ، شہریوں کے بنیادی حقوق اور عورتوں کے حقوق کے لیے دنیا کا پہلا تحریری دستور وضع کیا تھا جو رہتی دنیا تک کے لیے فائدہ مند اور قابلِ عمل ہے۔

**طریقۂ کار:**

**تمہیدی سوالات** ۱۰منٹ

۱۔ کسی بھی ملک کو چلانے کے لیے سب سے ضروری کیا چیز ہے؟

۲۔ نظام حکومت میں میں سب سے اچھا نظام کون سا ہے؟

۳۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ نے کون سا اور کیسا نظام حکومت ترتیب دیا تھا؟

**اعلانِ سبق:** ۵منٹ

بچو! آج ہم عہد نبوی ﷺ کے نظام حکومت کے بارے میں پڑھیں گے اور جانیں گے کہ وہ کیسا تھا اور کس طرح ترتیب دیا گیا تھا؟

**پیشکش:** ۲۰منٹ

۱۔ معلم طلباء کو سبق بلند آواز میں پڑھ کر سنائیں گے

۲۔ معلم طلباء کو آنحضرت ﷺ کے دور حکومت سے پہلے کے نظام حکومت کے بارے میں بتائیں گے اور پھر ہمارے پیارے نبی ﷺ کے مروج کردہ پہلے تحریری دستور کو پڑھ کر سنائیں گے اور اس میں موجود تمام خوبیوں کا ذکر بہت وضاحت کے ساتھ کریں گے تاکہ بچے اس کو آسانی سے ذہن نشین کرلیں۔

۳۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** ۲۰منٹ

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔ اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔

اس دوران معلم طلباء سے وضاحتی سوالات بھی کریں گے۔

**لکھائی:** ۱۵منٹ

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ اور سوالات کے جوابات لکھوائیں گے۔

**سرگرمی:** ۱۰منٹ

طلباء کو عہد نبوی ﷺ کے نظام حکومت کے بارے میں ۱۰سطریں لکھنے کو دیں جس میں وہ اس کی بنیادہ باتوں کا اعادہ کریں۔

**تفویض کار:** ۵منٹ

طلباء کو سوال نمبر۲ گھر سے کر کے لانے کو کہیں۔ (گھر میں بڑوں کی مدد سے)

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں اور مشکل الفاظ کے معنیٰ اپنے پاس لکھ لے۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

۴۔معلم ضروری اور اہم نکات کو اپنے پاس درج کر کے رکھیں۔

**تدریسی معاونت:**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/ جانچ:**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk



LearningWell

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)
۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)
۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کرسکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آرہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کررہا ہے۔)
۴۔سرگرمی کے دوران (طلباء پڑھائے اور سمجھائے جانے والے سبق کا موازنہ کرنے میں کس حد تک کامیاب ہوسکے۔)

## سبق ۱۲: بچے اچھے مسلمان کس طرح بن سکتے ہیں؟

**مقصد:**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہوجانے کے بعد بچے اس قابل ہوجائیں گے کہ:
۱۔ اچھائی اور برائی کے فرق کو سمجھ سکیں گے۔
۲۔ اپنے والدین کی نصیحتوں کی اہمیت کو سمجھیں گے اور اس پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں گے۔
۳۔ طلباء میں دین کے علم سے رغبت پیدا ہوگی اور والدین کی فرمانبرداری کا جذبہ پیدا ہوگا۔ (انشاءاللہ)

**طریقۂ کار:**

**تمہیدی سوالات ۸منٹ**

۱۔ ہم سب کون ہیں؟
۲۔ بحیثیت مسلمان ہمیں اپنے والدین اور بڑوں کے ساتھ کیسا رویہ رکھنا چاہیے؟
۳۔ والدین اور اساتذہ کی باتوں پر کیوں عمل کرنا چاہیے؟
۴۔ ہمیں ہر وقت کس سے ڈرنا چاہیے۔

**اعلانِ سبق: ۵منٹ**

بچو! آج ہم اس سبق میں ایک بچی کی ایمانداری کی کہانی پڑھیں گے۔

**پیشکش: ۲۵منٹ**

۱۔ معلم طلباء کو کہانی کے انداز میں آواز کے اتار چڑھاؤ اور چہرے کے تاثرات کو تبدیل کرکے سبق پڑھ کے سنائیں گے۔
۲۔ معلم طلباء کو سبق میں دیے گئے ہر پیراگراف اور نکات کی آسان الفاظ میں وضاحت کریں تاکہ اس کے معنیٰ و مفہوم بچوں کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں اور وہ اس کو تفصیل کو دلچسپی سے پڑھ سکیں۔
۳۔ معلم آخر میں سبق کا خلاصہ اور سبق میں دی گئی نصیحت کے بارے میں بچوں کو بتائیں گے اور ان کی رائے بھی معلوم کریں ن گے۔
۴۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ: ۲۵منٹ**

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔ اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk



LearningWell

جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اوران کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا اور ان کی رائے بھی معلوم کریں گے اور وضاحت بھی طلب کریں گے۔

**لکھائی:** ۱۵منٹ

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ، سوال نمبر۲ جماعت میں کروئیں گے۔

**سرگرمی:** ۱۰منٹ

معلم طلباء کو گرہوں میں تقسیم کر کے ان سے سبق کے عنوان کے مطابق کوئی واقعہ اور احادیث یاد کر کے یا لکھ کرلانے کو دیں۔

**تفویض کار:** ۵منٹ

معلم طلباء کو اپنی زندگی میں پیش آنے والے کسی ایسے واقعہ کو لکھ کرلانے کو کہیں جس میں انہوں نے کسی بھی اچھی بات پر عمل کیا ہو۔

(اس سے بچوں میں اچھی باتوں پر عمل کرنے کا شوق پیدا ہوگا۔)

**پیشگی معلومات اور ہدایات:**

۱۔ معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔ معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔ معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت:**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/ جانچ:**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ پیشکس کے دوران بچوں کی طرف سے کیے گئے سوالات کے ذریعے۔

۳۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۴۔ لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کرسکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آرہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۵۔ سرگرمی کے دوران (اس بات کا اندازہ کر کہ طلباء سرگرمی میں پوری طرح حصہ لے رہے ہیں یا نہیں۔)

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk